Allied Bank

**CORPORATE AFFAIRS GROUP**

HOL/CAG/SU/2018/119
March 16, 2018

**The General Manager**
Pakistan Stock Exchange
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi

Dear Sir,

**Notice of Annual General Meeting Prior to Publication**

In compliance of the Regulation No. 5.6.4 of the PSX, enclosed please find copies of the Notices (English & Urdu) of the Annual General Meeting to be held on April 9, 2018 for circulation amongst your members. We intend to publish these notices in newspapers i.e. Daily Business Recorder & Daily Nawa-e-Waqt (combined editions Karachi, Lahore and Islamabad) on March 19, 2018.

Thanks & Regards,

**Muhammad Raffat**
Company Secretary

Encl: (a.a.)

50cm x 6col

Allied Bank

www.abl.com

# NOTICE OF 72nd ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 72nd Annual General Meeting of Allied Bank Limited will be held at Palace Hall, Pearl Continental Hotel, Lahore on Monday, April 9, 2018 at 11:00 a.m. to transact the following business:

**Ordinary Business:**

1. To confirm minutes of 71st Annual General Meeting of Allied Bank Limited held on March 28, 2017. To view the minutes direct link is **https://www.abl.com/investor-relations/shareholder-information/shareholder-useful-documents/**
2. To receive, consider and adopt the Annual Audited Accounts of the Bank (consolidated and unconsolidated) for the year ended December 31, 2017 together with the Directors' and Auditors' Reports thereon. As required under SECP SRO 634(I)/2014, Financial Statements of the Bank have been uploaded on the website of the Bank which can be downloaded from the following link: **https://www.abl.com/services/downloads/financial-reports/**
3. To consider and approve Final Cash Dividend @ 17.5% (i.e. Rs. 1.75 per share) as recommended by the Board of Directors. This Final Cash Dividend would be in addition to 52.5% Interim Cash Dividends (aggregating Rs.5.25 per share) already paid to the shareholders for the year ended December 31, 2017.
4. To appoint Statutory Auditors of the Bank for the year ending December 31, 2018 and fix their remuneration. The retiring auditors M/s. KPMG Taseer Hadi & Co. Chartered Accountants, being eligible has offered themselves for reappointment. The audit firm appointed will hold office till conclusion of the next AGM to be held in 2019.
5. To consider and approve the following transactions on post facto basis:.
   a) Payment of professional fee to External Auditor M/s. KPMG Taseer Hadi & Co. Chartered Accountants to perform External Shariah Audit for the year ended December 31, 2016 against a cost of Rs. 1,512,500/- inclusive of out of pocket expenses.
   b) Payment of professional fee to the External Auditor M/s. KPMG Taseer Hadi & Co. Chartered Accountants, to perform special audit regarding Related Party Transactions of the Bank for the year ended December 31, 2016 against a cost of Rs. 52,500/- inclusive of sales tax.
   c) To ratify appointment of M/s. KPMG Taseer Hadi & Co., Chartered Accountants as approved audit firm for inspection of records of Allied Bank Limited related to CDS transactions against a fee of Rs. 450,000/- plus out of pocket expenses at actual.

## Other Business:

6. To transact any other business with permission of the Chair.

Date: March 19, 2018

By Order of the Board
Muhammad Raffat
Company Secretary

## Transmission of Annual Report 2017:

The Bank has placed its Financial Statements on its website **(https://www.abl.com/services/downloads/financial-reports/)**; and in compliance with the Section 223(6) of Companies Act 2017 has transmitted the Annual Report 2017 through e-mail to those shareholders whose e-mail addresses are available with the Bank's Shares Registrar. Besides, in accordance with the Shareholders' approval accorded in 71st Annual General Meeting held on March 28, 2017, DVDs have been dispatched to those Shareholders whose e-mail addresses are not available with the Shares Registrar. However, the Bank would provide hard copies of the Annual Report to Shareholders on their demand at their registered addresses, free of cost, within one week of such demand. In this regard, a Standard Request Form has been placed on the Bank's website which can be downloaded directly from the following link:
**https://www.abl.com/src/uploads/2018/01/Request-Form-for-Hard-Copy-of-Annual-Audited-Accounts.pdf**

## NOTES:

i) All members are entitled to attend and vote at the Meeting.

ii) A member entitled to attend and vote is entitled to appoint a proxy under his / her own hand or through his / her duly authorized attorney to attend and vote instead of himself / herself and the proxy must be a member of Allied Bank Limited.

iii) The instrument of proxy and the power of attorney or other authority (if any) under which it is signed, or a notarized certified copy of that power of attorney or authority in order to be effective must be reached / deposited at the Registered Office of Allied Bank Limited not less than 48 hours before time of the Meeting. In calculating the 48 hours, no account shall be taken on any part of the day that is not a working day.

iv) Share Transfer Books of Allied Bank Limited will remain closed from Tuesday, 3rd April, 2018 to Monday, 9th April 2018 (both days inclusive). Share transfer requests received at M/s Central Depositay Company of Pakistan Limited., CDC House, 99-B, S.M.C.H Society, Main Shahra-e-Faisal, Karachi, the Share Registrar of the Bank, before the close of business on Monday 2nd April, 2018 will be treated as being in time for the purpose of entitlement of cash dividend to the transferees.

v) Members are requested to immediately notify the changes in their registered addresses, if any, to the Bank's Shares Registrar M/s. Central Depositay Company of Pakistan Limited., before book closure so that entitlement, if any, be dispatched at the correct address.

BANK LIMITED Corp. Aff. Grp. Wing

vi) CDC Account Holders will have to follow the under mentioned guidelines as laid down by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

## A. For Attending the Meeting:

i) In case of individuals, the Account Holder or Sub-account Holder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate his / her identity by showing his / her original valid Computerized National Identity Card (CNIC) or original Passport at the time of the Meeting.

ii) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (if it has not been submitted earlier) at the time of the Meeting.

## B. For Appointing Proxies:

i) In case of individuals, the CDC Account Holder or Sub-account Holder and / or the person whose securities are in CDC group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.

ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and valid CNIC numbers shall be mentioned on the form.

iii) Attested copies of valid CNIC or the Passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.

iv) The proxy shall produce his / her original valid CNIC or original Passport at the time of the Meeting.

v) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature shall be submitted (if it has not been submitted earlier) along with the proxy form of the Company.

## ATTENTION SHAREHOLDERS

### CNIC Submission (Mandatory) – withholding of Dividend Amount

Please note that as per SECP directives the payment of dividend to the shareholders who's CNICs are not available with the Share Registrar are being withheld. All shareholders having physical shareholding are, therefore, once again advised to submit a photocopy of their valid CNICs (if already not provided) to the Bank's Share Registrar at the above mentioned address. In case CNIC number is not mentioned on the Dividend Warrants issued earlier it means that CNIC of the shareholder is not available with the Shares Registrar. While sending the copy of CNIC / NICOP / NTN, shareholders are requested to quote their respective Folio / CDC Account Numbers for identification purpose.

### Payment of Cash Dividend Electronically (Mandatory requirement)

As per Section 242 of the Companies Act, 2017 and Companies (Distribution of Dividends) Regulation 2017, any dividend payable in cash by a listed company shall only be paid through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholder(s). In this regard, Allied Bank Limited has already sent letter & Bank Mandate Forms to the shareholders and issued various notices through publication in Daily Business Recorder and Nawa-e-Waqt (combined editions) requesting the shareholders to comply with the requirement of providing Bank Mandate urgently.

All the shareholders are once again requested to provide the Bank Mandate details including International Bank Account Number (IBAN) immediately along with a copy of valid CNIC, if not provided earlier. In case of non-provision of Bank Mandate along with IBANS, cash dividend(s) will be withheld according to SECP directives. For providing the Bank Mandate details to CDC / Share Registrar, the Form placed on Bank's website may be used, direct link for getting print of the said form is: **https://www.abl.com/src/uploads/2018/01/Bank-Mandate-Form-Revised-on-17-1-18.pdf**

In this connection, CDC shareholders may submit their Bank Mandate details to CDC Investor Account Services or their brokers where shares are placed electronically. In case of physical holding, the shareholders are requested to submit their Bank Mandate details to the Allied Bank's Shares Registrar at the address mentioned above.

### Deduction of Income Tax from dividends:

Pursuant to the provision of Finance Act, 2016-17 the rates of Income tax deduction from dividend payment under section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001, separate income tax rates are defined by the FBR for filers (whose names are appearing in the Active Tax Payers List) / non-filers as under:

- For filers: 15%
- For non-filers: 20%

All members may check their status from the Active Tax Filers list available on FBR web site through the link: **https://e.fbr.gov.pk/ATLSearchUtilityIT.aspx**

Please note that the Shares Registrar will check status of the members (Filer or Non Filer) from the Active Tax Payers list on the basis of valid CNIC / NTN numbers and would deduct tax as per provisions of the law, therefore, all shareholders are requested to ensure that copy of their valid CNIC/NTN should be available with the Shares Registrar, as in case of non-availability of CNIC/NTN, the Share Registrar cannot check their status and would constrain to apply tax rate prescribed for non-filers.

### Deduction of Withholding Tax on Joint Shareholders

As per the clarification of Federal Board of Revenue, withholding tax in case of joint shareholders will be determined separately on "Filer / Non-Filer" status of principal shareholder as well as joint shareholders on their shareholding proportion in case of joint accounts. Therefore, all shareholders who hold shares jointly are requested to provide shareholding proportion of principal shareholder and joint holder (s) in respect of shares held by them to our Shares Registrar in writing, as under:

| Folio/CDC Investor/ Participant A/c No. | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder(s) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Name and *CNIC # | Shareholding Proportion (%) | Name and *CNIC # | Shareholding Proportion (%) |
| | | | | | |

*Copies of valid CNICs to be attached

The above required information must be provided to our Shares Registrar otherwise it will be assumed that the shares are equally held by the Principal shareholder and joint-holder(s) and tax deduction will be made accordingly. For any query / problem / information, the investor may contact the Bank's Share Registrar at the following address / phone numbers:

**Share Registrar Department, Central Depository Company of Pakistan Limited,**
**CDC House, 99 – B, Block 'B', S.M.C.H.S., Main Shahra-e-Faisal, Karachi. Tel # : 021-111 111 500**

### Requirement of Valid Tax Exemption Certificate for Claim of Exemption U/S 150 of the Income Tax Ordinance, 2001:

Please be advised that in wake of recent judgments of respective courts of law; the exemption certificate u/s 159 of the Income Tax Ordinance, 2001, is mandatory to claim tax exemption u/s 150. Accordingly, the Bank may not be awarding exemption on the basis of Clause 47B of Part IV of Second Schedule to the Income Tax Ordinance, 2001. However, if any entity has filed a petition against the FBR, in any relevant court, a certified true copy of the Stay

ALLIED BANK LIMITED Corp. Aff. Grp. S. Wing

Order of honorable court along with all latest court proceedings (if any) would be required in lieu of valid tax exemption certificate, for non-deduction of withholding tax. In case of non-availability of valid tax exemption certificate / stay order, deduction of tax under relevant sections shall be made accordingly.

### Unclaimed / Unpaid Dividends and Share Certificates

As per Section 244 of the Companies Act, 2017 shares / dividends which remain unclaimed or unpaid for a period of three years from the date these have been due and payable to vest with the Federal Government. In this regard, Allied Bank Limited has sent individual letters dated 20.09.2017 on the available addresses through Share Registrar requesting therein to claim their shares / dividends within 90-days of the letter. After that, as per SECP directives a final notice was published in Daily Business Recorder and Daily Nawa-e-Waqt dated 20.12.2017 inviting the shareholders to lodge their claims within the period of 90-days, and in case no claim is received within the given period from this Notice, the Bank shall proceed to deposit the unclaimed / unpaid amount with the Federal Government pursuant to the provision of sub-section (2) of section 244 of the Companies Act, 2017.

In this regard, the details of unclaimed / undelivered shares and dividends has been placed on Bank's website on the link; **https://www.abl.com/investor-relations/shareholder-information/unclaimed-shares-dividends-and-tfcs/**

All the shareholders of ABL (old and existing) once again requested to visit the Bank's website and if any share / dividend showing unclaimed / undelivered against your name, please lodge your claim with our Share Registrar, Central Depository Company of Pakistan Limited by sending an application mentioning therein your Folio number, your present address along with a copy of valid CNIC on the address given above.

### Deposit of Physical Shares in to CDC Account:

As per Section 72 of the Companies Act, 2017 every existing company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the Commission, within a period not exceeding four years from the commencement of this act.

The Shareholders having physical shareholding may open CDC sub - account with any of the brokers or Investor Account directly with CDC to place their physical shares into scrip less form, this will facilitate them in many ways including safe custody and sale of shares, any time they want, as the trading of physical shares is not permitted as per existing regulations of the Stock Exchange.

### Merger of Different Folios into one Folio:

As per record, some of the shareholders are maintaining more than one folio under the same particulars. Carrying two different folios may be hassle for the shareholders to reconcile and receiving different benefits in the shape of dividends / bonus etc. In order to provide better services and convenience such shareholders are requested to send requests to the Bank's Shares Registrar to merge their folios into one folio.

### Consent for Video Conference Facility:

In accordance with Section 132(2) of Companies Act 2017, the members may avail video conference facility for AGM, provided that at least 7 days prior to the date of meeting, on a demand of members residing in a city who hold at least 10% of the total paid up capital, the bank would provide the facility of video-link to such members enabling them to participate in its Annual General Meeting. To avail this facility, please provide following information and submit to the Shares Registrar office:

**I/we ____________________ of ____________ being a member of Allied Bank Limited, holder of ____________________**

**ordinary share(s) as per Register Folio/CDC Investor/Participant Account No. ____________________**

**hereby opt for video conference facility at ____________________ (Please specify name of the city).**

**Signature of Member ____________________**

This notice has been sent to all members of the Company in accordance with Section 134(1) of the Companies Act 2017.

ALLIED BANK LIMITED Corp. Aff.Grp. S.Wing

54cm x 6col

Allied Bank

www.abl.com

# 72 ویں سالانہ اجلاس عام کے سلسلے میں ممبران کو نوٹس

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ الائیڈ بینک لمیٹڈ کے ممبران کا 72 واں سالانہ اجلاس عام بتاریخ 9 اپریل 2018 بروز پیر بوقت 11 بجے صبح پیلس ہال، پرل کانٹینینٹل ہوٹل لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا

**عمومی امور:**

۱۔ الائیڈ بینک لمیٹڈ کے 71 ویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 28 مارچ 2017 کے منٹس کی توثیق۔ منٹس دیکھنے کے لئے ڈائریکٹ لنک https://www.abl.com/investor-relations/shareholder-information/shareholder-useful-documents/ استعمال کریں

۲۔ مورخہ 31 دسمبر 2017 کو ختم ہونے والے مالی سال کی بابت کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ حسابات (مجموعی وانفرادی) مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور وخوض اور منظوری SECP SRO 634 (1)/2014 کے تحت بینک کی سالانہ رپورٹ 2017، بینک کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دی گئی ہے جسے مندرجہ ذیل لنک سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے https://www.abl.com/services/downloads/financial-reports/

۳۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر 31 دسمبر 2017 کو ختم ہونے والے سال کیلئے 17.5% (یعنی 1.75 روپے فی حصص) کی شرح سے حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی پر غور وخوض اور منظوری، یہ منافع 52.5% عبوری نقد منافع منقسمہ یعنی 5.25 روپے فی حصص کے علاوہ ہوگا جو پہلے ہی سال 2017 کے لئے ادا کیا جاچکا ہے۔

۴۔ مالی سال 2018 کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کیلئے مشاہرہ طے کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کو چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی 31 دسمبر 2018 کے اختتام تک کیلئے بینک کے آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تقرری۔ مقرر کردہ آڈٹ فرم اگلے سالانہ اجلاس عام، جو کہ 2019 میں منعقد ہوگا تک اپنا کام انجام دے گی۔

۵۔ پوسٹ فیکٹو کی بنیاد پر درج ذیل امور کی منظوری:

(a) میسرز KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو بیرونی شریعہ آڈٹس برائے سال جو کہ 31 دسمبر 2016 کو مکمل ہوا، کیلئے پروفیشنل فیس کی ادائیگی جو کہ تمام تر اخراجات ملا کر 15,12,500 روپے تھی۔

(b) میسرز KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو بینک کی سال 2016 کی متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز سے متعلق خصوصی آڈٹ رپورٹ کی پروفیشنل فیس کی ادائیگی، جس کی لاگت سیلز ٹیکس ملا کر 52,500 روپے تھی۔

(c) میسرز KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی الائیڈ بینک لمیٹڈ کی CDS ٹرانزیکشن سے متعلقہ ریکارڈ کی چھان بین کیلئے بطور آڈٹ فرم تقرری کی توثیق کرنا۔ جس کی فیس مبلغ 450,000 روپے علاوہ ذیلی اخراجات تھی۔

**دیگر امور:**

۶۔ صدر اجلاس کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
محمد رفعت
کمپنی سیکرٹری

تاریخ: 19 مارچ 2018

**سالانہ رپورٹ 2017 کی ترسیل:**

بینک اپنی سالانہ رپورٹ (فنانشل اکاؤنٹس) اپنی ویب سائٹ (https://www.abl.com/services/downloads/financial-reports/) پر جاری کرچکا ہے اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (6)223 کی تعمیل کرتے ہوئے سالانہ رپورٹ ان شیئر ہولڈرز کو جن کے ای میل ایڈریسز بینک شیئرز رجسٹرار کے پاس موجود ہیں کو بزریعہ ای میل بھیج چکا ہے۔ علاوہ ازیں 28 مارچ 2017 کو منعقدہ 71 ویں سالانہ اجلاس میں شیئر ہولڈرز کی اجازت کے مطابق جن شیئر ہولڈرز کے ای میل ایڈریسز شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں ہیں انہیں DVD's ارسال کردی گئی ہیں۔ تاہم بینک شیئر ہولڈرز کے سالانہ رپورٹ طلب کرنے پر، بلا قیمت کے، طلب کرنے کے ایک ہفتے کے اندر اندر رجسٹرڈ پتے پر فراہم کرے گا۔ اس سلسلے میں ایک سٹینڈرڈ درخواست فارم بینک کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ جو دیئے گئے لنک سے براہ راست ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے

https://www.abl.com/src/uploads/2018/01/Request-Form-for-Hard-Copy-of-Annual-Audited-Accounts.pdf

**نوٹس:**

۱۔ تمام ممبران اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق رکھتے ہیں۔

۲۔ اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ممبر بذات خود یا باقاعدہ طور پر دیئے گئے اختیار کے ساتھ کسی بھی شخص کو اپنی جانب سے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے پراکسی (proxy) مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی مقرر کئے جانے والے شخص کیلئے لازم ہے کہ وہ بھی الائیڈ بینک کا ممبر ہو۔

۳۔ پراکسی مقرر کئے جانے سے متعلق دستاویز (instrument) اور پاور آف اٹارنی (power of attorney) یا دیگر کوئی اور اتھارٹی جس کے تحت دستخط کئے گئے ہیں یا اس پاور آف اٹارنی کو نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کو مؤثر ہونے کیلئے الائیڈ بینک لمیٹڈ کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازمی جمع کروائیں۔

۴۔ الائیڈ بینک لمیٹڈ کے حصص کی منتقلی کی کتب منگل 3 اپریل 2018 سے پیر 9 اپریل 2018 (دونوں دن شامل ہوں گے) بند رہیں گی۔ حصص کی منتقلی کے لئے جو درخواستیں بینک کے **شیئر رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، S.M.C.H سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل کراچی،** کو 2 اپریل 2018 کے دفتری اوقات ختم ہونے سے قبل موصول ہونگی، نقد منافع منقسمہ کے استحقاق کے تعین کے لئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

ALLIED BANK LIMITED Corp. Aff. Grp. S.Wing

۵۔ ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتے میں تبدیلی سے، اگر کوئی ہو، بینک کے شیئر رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کو فوری طور پر مطلع کریں۔ ایسی درخواستیں کتب کی بندش سے قبل پہنچ جانی چاہئیں تا کہ استحقاق، اگر کوئی ہو تو، درست پتہ پر روانہ کیا جا سکے۔

۶۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے مقرر کردہ ہدایات پر عمل کرنا ہوگا جو مندرجہ ذیل ہیں:

## (الف) اجلاس میں شرکت کیلئے:

۱۔ ایسا فرد، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا ایسے شخص کو، جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی شکل میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات، ضوابط کے مطابق جمع کروائی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق کیلئے اصل موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

۲۔ کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی (اگر پہلے سے فراہم نہ کئے گئے ہوں) جس کے ساتھ نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے (specimen) بھی منسلک ہوں، فراہم کرنا ہوں گے۔

## (ب) پراکسی کے تقرر کیلئے:

۱۔ ایسا فرد، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا ایسے شخص کو، جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی شکل میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات، ضوابط کے مطابق جمع کروائی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کیلئے درج بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

۲۔ پراکسی فارم پر کم از کم دو گواہوں کے دستخط مع نام، پتہ اور موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر ثبت ہونا چاہئے۔

۳۔ پراکسی فارم کے ساتھ اصل حقدار اور پراکسی کے موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول بھی منسلک ہونا چاہئیں۔

۴۔ اجلاس کے وقت پراکسی کو اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

۵۔ کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں کمپنی کے پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی (اگر پہلے سے فراہم نہ کئے گئے ہوں) فراہم کرنا ہوگی جس کے ساتھ دستخط کے نمونے (specimen) بھی منسلک ہونا چاہئیں۔

## تمام شیئر ہولڈرز متوجہ ہوں:

**قومی شناختی کارڈ جمع کروانا (لازمی)۔ نقد منافع منقسمہ کی ترسیل منقطع:**

مطلع کیا جاتا ہے کہ SECP ہدایات کے مطابق وہ شیئر ہولڈرز جن کا شناختی کارڈ شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں، کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک دی گئی ہے۔ تمام شیئر ہولڈرز جن کے پاس فزیکل شیئر ہولڈنگ ہے ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے مصدقہ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی (اگر اب تک فراہم نہیں کی گئی) درج بالا پتہ پر بینک کے شیئر رجسٹرار کو جمع کرادیں۔ پہلے سے جاری کردہ ڈیویڈنڈ وارنٹس پر شناختی کارڈ نمبر درج نہ ہونے کا مطلب ہے کہ شیئر رجسٹرار کے پاس شیئر ہولڈر کا شناختی کارڈ نمبر نہیں ہے۔ CNIC/NICOP/NTN کی فوٹو کاپی بھیجتے ہوئے شیئر ہولڈر سے درخواست ہے کہ وہ اپنا فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر شناخت کے مقصد کے لئے ضرور تحریر کریں۔

**کیش ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک ادائیگی (لازمی)**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈیویڈنڈ کی ڈسٹری بیوشن) ریگولیشن 2017 کے تحت لمیٹڈ کمپنی کا کوئی بھی قابل ادا ڈیویڈنڈ صرف برقی انداز میں براہ راست بینک اکاؤنٹ میں ادا ہوگا۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ بینک مینڈیٹ کی فراہمی کو فوری پورا کریں اس بارے میں الائیڈ بینک لمیٹڈ پہلے سے شیئر ہولڈرز کو لیٹرز اور بینک مینڈیٹ فارمز جاری کر چکا ہے اور متعدد نوٹسز ڈیلی بزنس رکارڈر اور نوائے وقت کے کمبائنڈ ایڈیشن میں شائع کروا چکا ہے۔ تمام شیئر ہولڈرز سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ بینک مینڈیٹ کی تفصیلات بمعہ انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ فوری مہیا کریں، اگر پہلے مہیا نہیں کی گئیں۔ بینک مینڈیٹ بمعہ IBAN مہیا نہ کرنے کی صورت میں SECP کی ہدایات کے مطابق کیش ڈیویڈنڈ روک لئے جائیں گے۔ CDC شیئر رجسٹرار کو بینک مینڈیٹ کی تفصیلات فراہم کرنے کے لئے بینک کی ویب سائٹ پر موجود فارم استعمال کیا جا سکتا ہے۔

پرنٹ حاصل کرنے کے لئے ڈائریکٹ لنک https://www.abl.com/src/uploads/2018/01/Bank-Mandate-Form-Revised-on-17-1-18.pdf مہیا کیا گیا ہے۔

اس سلسلے میں CDC شیئر ہولڈرز CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا بروکرز کو اپنی بینک مینڈیٹ کی تفصیلات بمعہ IBAN مہیا کر سکتے ہیں۔ طبیعی ہولڈنگ کی صورت میں شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے بینک مینڈیٹ کی تفصیلات بمعہ IBAN الائیڈ بینک کے شیئر رجسٹرار کو اوپر دئیے گئے پتے پر فراہم کریں۔

**ڈیویڈنڈ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی:**

فنانس ایکٹ 17-2016 کے تحت ڈیویڈنڈ پیمنٹ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کے ریٹس کیلئے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 میں ترامیم کی گئی ہیں۔ فائلرز (جن کے نام ایکٹو ٹیکس پیئرز کی لسٹ (ATL) میں شامل ہیں) اور نان فائلرز کے لئے ایف بی آر نے انکم ٹیکس کے مختلف ریٹس مقرر کئے ہیں جو درج ذیل ہیں

فائلرز: 15% اور نان فائلرز: 20%

برائے مہربانی مطلع ہوں کہ شیئر رجسٹرار موثر قومی شناختی کارڈ / NTN کی بنیاد پر ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) سے ممبران کے سٹیٹس (فائلر / نان فائلر) چیک کرے گا اور قانون کے مطابق ٹیکس کی کٹوتی کرے گا۔ اس لئے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کی CNIC/NTN کی موثر نقل شیئر رجسٹرار کے پاس موجود ہونی چاہئے۔ CNIC/NTN کی عدم موجودگی کی صورت میں شیئر رجسٹرار فائلر / نان فائلر سٹیٹس چیک نہیں کر پائے گا اور ٹیکس کی کٹوتی نان فائلر کی شرح سے کرنے کا پابند ہوگا۔ تمام ممبر اپنا فائلر اور نان فائلر سٹیٹس FBR کی ویب سائٹ سے چیک کر سکتے ہیں۔

https://e.fbr.gov.pk/ATLSearchUtilityIT.aspx

## انکم ٹیکس کی کٹوتی برائے جوائنٹ حصہ داران:

ان شیئر ہولڈرز کیلئے جن کے شیئرز مشترکہ ہیں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی وضاحت کے مطابق، وہ ہولڈنگ ٹیکس کا تعین "فائلر / نان فائلر" پرنسپل اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے سٹیٹس پر علیحدہ علیحدہ ان کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر ہوگا۔ لہذا، وہ تمام شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز مشترکہ ہیں سے درخواست ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر کا بحوالہ شیئرز جو کہ ان کے پاس موجود ہیں شیئرز رجسٹرار کو تحریری طور پر مندرجہ ذیل طریقے سے شیئر ہولڈنگ کا تناسب فراہم کریں۔

| فولیو / سی ڈی سی انویسٹر / حصہ دار کا اکاؤنٹ نمبر | ٹوٹل شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈرز | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر* | شیئر ہولڈنگ کا تناسب % | نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر* | شیئر ہولڈنگ کا تناسب % |
| | | | | | |

*مستند قومی شناختی کارڈ کی نقول ساتھ منسلک کریں۔

ALLIED BANK LIMITED
Corp. Aff.Grp. S.Wing

مذکورہ بالا درکار معلومات بینک کے شیئرز رجسٹرار کو ضرور فراہم کریں ورنہ یہ سمجھا جائے گا کہ شیئرز مساوی طور پر پرنسپل اور جوائنٹ شیئرز ہولڈرز کی ملکیت ہیں اور ود ہولڈنگ ٹیکس اسی تناسب سے کاٹا جائے گا۔

کسی بھی قسم کے سوال/مسئلے/معلومات کے لئے شیئرز ہولڈرز بینک کے شیئرز رجسٹرار سے مندرجہ ذیل ایڈریس/فون نمبرز پر رابطہ کر سکتے ہیں:

**شیئرز رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ، سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99 بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل کراچی، 500-111-111-021**

## استثنیٰ کے دعوے کیلئے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت قانونی ٹیکس استثنیٰ سرٹیفیکیٹ کی ضرورت:

یہ ہدایت دی جاتی ہے کہ متعلقہ عدالتوں کے حالیہ فیصلوں کے مطابق سیکشن 159 کے تحت ٹیکس استثنیٰ کا دعویٰ کرنے کیلئے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت استثنیٰ کا سرٹیفیکیٹ لازمی ہے۔ فیصلے کے مطابق بینک انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے دوسرے شیڈول کے پارٹ 4 کی شق 47بی کی بنیاد پر استثنیٰ نہیں دے سکتا۔ تاہم اگر کسی نے کسی متعلقہ عدالت میں ایف بی آر کے خلاف درخواست دائر کی ہے تو ود ہولڈنگ ٹیکس کی عدم کٹوتی کیلئے موثر قومی ٹیکس استثنیٰ سرٹیفیکیٹ بمعہ تمام حالیہ عدالتی کاروائیوں (اگر کوئی ہو) سمیت معزز عدالت کے التواء کے حکم نامہ کی ایک مصدقہ کاپی کی ضرورت ہوگی۔

قانونی ٹیکس استثنیٰ سرٹیفیکیٹ/معزز عدالت کے التواء کے حکم نامہ کی عدم دستیابی کی صورت میں متعلقہ سیکشنز کے تحت ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

## غیر دعویٰ شدہ/غیر اداشدہ ڈیویڈنڈ اور شیئرز سرٹیفکیٹس:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 244 کے تحت منافع منقسمہ/حصص/دیگر انسٹرومنٹس جو کہ جاری کردہ تاریخ کہ تین سال سے زائد عرصہ سے غیر دعویٰ شدہ ہیں، طے کردہ طریقہ کار کے مکمل ہونے پر وفاقی حکومت کو منتقل کر دیئے جائیں گے۔ اس سلسلے میں الائیڈ بینک لمیٹڈ شیئرز رجسٹرار کے ذریعے بتاریخ 20.09.2017 کو دستیاب پتوں پر انفرادی خطوط (لیٹرز) جاری کر چکا ہے، جس میں درخواست کی گئی ہے کہ خط موصول ہونے کہ 90 دن کے اندر اندر اپنے غیر دعویٰ شدہ حصص/منافع منقسمہ کا دعویٰ دائر کریں۔ اس کے بعد SECP کی دی گئی ہدایات کے مطابق آخری نوٹس، بتاریخ 20.12.2017 کو ڈیلی بزنس رکارڈر اور نوائے وقت میں شائع کیا جا چکا ہے۔ جس میں ایک بار پھر درخواست کی گئی کہ اپنا دعویٰ 90 دن کے اندر اندر دائر کریں بصورت دیگر بینک کو تمام غیر دعویٰ شدہ حصص/منافع منقسمہ کمپنیز ایکٹ کی ذیلی شق 2 آف شق 244 کے تحت وفاقی حکومت کو جمع کروانا ہوں گے۔ اس بارے میں لادعویٰ/غیر ڈیلیور شدہ شیئرز کی تفصیلات بینک کی ویب سائٹ پر دیئے گئے لنک https://www.abl.com/investor-relations/shareholder-information/unclaimed-shares-dividends-and-tfcs/ میں موجود ہے۔ اے بی ایل کے تمام شیئرز ہولڈرز (پرانے اور موجودہ) سے ایک بار پھر گزارش ہے کہ بینک کی ویب سائٹ چیک کر لیں اور اگر کوئی حصص/منافع منقسمہ آپ کے نام پر لادعویٰ/غیر ڈیلیور شدہ ظاہر ہو رہا ہو تو ہمارے شیئرز رجسٹرار، سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کو درخواست مع فولیو نمبر، اپنے موجودہ پتے اور موثر CNIC کی نقل کے ساتھ ارسال کر کے اپنا مطالبہ/کلیم درج کروائیں۔

## طبیعی شیئرز کی CDC اکاؤنٹ میں منتقلی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت ہر موجودہ کمپنی کے لئے اپنے طبیعی شیئرز کو بک انٹری میں، دیئے گئے طریقہ کار کے تحت اور کمیشن کی طرف سے جاری کی گئی تاریخ اور ایکٹ کے نفاذ کے چار سال کے اندر تبدیل کرنا ضروری ہوگا۔

## مختلف کھاتوں کی ایک کھاتہ میں منتقلی:

ریکارڈ کے مطابق کچھ شیئرز ہولڈرز ایک ہی کوائف کے ساتھ ایک سے زیادہ شیئرز کھاتوں کے حامل ہیں۔ ایک سے زیادہ کھاتے رکھنا شیئرز ہولڈرز کیلئے منافع منقسمہ/بونس کی وصولی میں پریشانی کا باعث بن سکتا ہے۔ بہتر خدمات کی فراہمی کیلئے ایسے شیئرز ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اپنے مختلف کھاتوں کو ایک کھاتہ میں ڈالنے کیلئے بینک کے رجسٹرار کو درخواست جمع کروائیں۔

## وڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے رضامندی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)132 کے تحت اگر کمپنی کو اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم سات دن پیشتر 10% ممبران یا اس سے زائد شیئرز ہولڈنگ جو کسی شہر میں مقیم ہیں اور میٹنگ میں وڈیو کانفرنس کے ذریعے حصہ لینا چاہتے ہیں، کے مطالبے پر بینک ان ممبران کو وڈیو لنک کی سہولت فراہم کرے گا تا کہ وہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے قابل ہو سکیں۔ یہ سہولت حاصل کرنے کے لئے براہ مہربانی مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں اور شیئرز رجسٹرار آفس میں جمع کروائیں۔

| |
|---|
| میں/ہم (شیئرز ہولڈر کا نام) ____________، (شہر کا نام) ____________ سے الائیڈ بینک کا ممبر ہونے کے تحت ____________ آرڈینری شیئرز بمطابق فولیو/سی ڈی سی/انویسٹر اکاؤنٹ نمبر ____________ |
| (شہر کا نام واضح کریں) ____________ میں وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں ممبر کے دستخط: ____________ |

نوٹس ہذا کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق نمبر (1)134 کے تحت تمام ممبران کو بھیجا جا چکا ہے۔

ALLIED BANK LIMITED Corp. Aff. Grp. S. Wing